03/05/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گُل

LGپد یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے منشیات کے خلاف لڑائی میں نوجوانوں، سیول سو سائٹی اور مقامی رہنماؤں کی اجتماعی اور سرگرم شرکت پر زور دیا ہے۔

گراؤنڈ سے نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت ایک بڑی پد یاترا کی قیادت کر تے TRC آج ہوئے منوج سنہا نے جموںو کشمیر سے اس بدعت کا خاتمہ کرنے کےلئے انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوننے کہا کہ منشیات کے غیر قانونی کاروبار اور استعمال میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف قطعاً بر داشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کی گئی ہے۔

اس پد یاترا میں طالب علموں سے لے کر سرکاری ملازمین اور عام لوگوں نے بڑی تعداد میں اپنی سرگرم شرکت دکھائی ۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پد یاترا میں اپنی سرگرم شرکت دکھانے پر تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کو کامیاب بنانے کےلئے عام لوگوں سے لے کر سلامتی ایجنسیوں تک سب کا رول اپنی اپنی جگہ پر اہم ہیں۔

پد یاترا میں شرکت کرنے والے نوجوانوں نے بھی منشیات کے خلاف اپنا کر دار ادا کرنے کا عہد کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا اظہار کچھ اسطرح سے کیا۔

NEET

یعنی نیشنل NEET کی طرف سے آج سال2026کا (NTA)امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی ٹیسٹ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس امتحان میں ملکی سطح پر22لاکھ سے Eligibilty cum Entrence زیادہ طا لب علم شرکت کر رہے ہیں۔

جموںو کشمیر سے بھی1ہزار676 سیٹوں کےلئے قریب50ہزار اُمید وار اس امتحان میں شریک ہو رہے ہیں۔اس مقصد کےلئے مناسب تعداد میں امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں جہاں امتحان کا احسن انعقاد یقینی بنانے کےلئے تمام ضروری تیاریاں اور انتظامات کئے گئے ہیں۔

واضح رہے کہ یہ امتحان طبی تعلیم میں انڈر گریجویٹ کورس میں داخلہ لینے کےلئے2019سے ہر سال منعقد کیا جاتا ہے۔ یہ امتحان دن میں2بجے سے شروع ہو کر شام5بجے اختتام پذیر ہو گا۔

چیرمین

Prasun Joshi اطلاعات و نشریات کی وزارت نے ایک مقبولنغمہ نگار،ادیب اورماہر مواصلات کوپرسار بھارتی کا چیئرمین مقرر کیا ہے۔

ان کی تقرری پراطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ جوشی ایک ایسی منفردتخلیقی شخصیت ہیں جو ایڈورٹائزنگ، ادب، فن اور سینما سے تجربہ یافتہ ہیں۔

وزیر موصوف نے اس بات پر اطمنان کا اظہارکیا کہ ان کی زیر قیادت پرسار بھارتی میں ایک نئی توانائی پیدا ہوگی۔

پریس ڈے

آج صحافت کی آزادی کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن دنیا بھر میں آزاد صحافت کو یقینی بنانے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

ساتھ ہی میڈیا کے ان افراد کو بھی یاد کیا جاتا ہے، جنہوں نے پوری دنیا میں اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے ۔ واضح رہے کہ ایک پر امن

سماج وجود میں لانے میں آزاد صحافت اور صحافی کی کا فی ساری ذمہ داریاں ہو تی ہیں۔

ورلڈ پریس ڈے کے سلسلے میں آج جمونو کشمیر میں بھی مختلف صحافتی انجمنوں کی طرف سے کئی پروگراموں کا اہتمام ہے۔

بانڈی پورہ

ضلع انتظامیہ بانڈی پورہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ مردم شماری 2027 میں بھرپور حصہ لیں اور ملک گیر مردم شماری کے ہموار اور کامیاب انعقاد کے لیے سیلف Enumeration سہولت کا استعمال کریں۔

انہوں نے ضلع کے تمام لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اس مشق کے دوران نامزد مردم شماری عملہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

واضح رہے کہ مردم شماری 2027 کے پہلے مرحلے میں یکم جون سے30جون تک مکانوں کی گنتی کی جائے گی اور اس سے قبل، سیلف انیومیریشن کی سہولت 17 مئی سے 31 مئی 2026 تک سرکاری پورٹل کے ذریعے دستیاب رہے گی۔

شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ مردم شماری کے دوران درست معلومات فراہم کریں۔

DCاننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کہا ہے کہ کھیل کودنظم و ضبط پیدا کرنے اور منشیات کی لعنت کے خاتمے کا ایک طاقتور ذریعہ ہے۔

ضلع اننت ناگ کے مرہامہ علاقے میں 100 روزہ نشہ مکت جموں و کشمیر مہم کے سلسلے میں شروع کی گئی،”مرہامہ پریمیئر کرکٹ لیگ“ کا افتتاح کرنے کے موقعے پر ڈپٹی کمشنر موصوف نے نشے سے پاک مہم کے اہداف کے حوالے سے انتظامیہ کے عزم اور ترجیحات پر روشنی ڈالی۔